© rasailojaraid.com



یون رڈلے

ترجمہ: ریاض محمود انجم

# مجھے نقاب سے محبت ہے

یون رڈلے ایک معروف نومسلم خاتون صحافی ہیں۔ ان کا یہ مضمون گزشتہ دنوں ان ایام میں شائع ہوا جب مغرب میں پردہ اور نقاب پر ایک زبردست بحث چھیڑ دی گئی تھی۔ یہ تحریر ''واشنگٹن پوسٹ'' کے ۲۲؍ اکتوبر ۲۰۰۶ء کے شمارے میں شائع ہوئی تھی۔ معاصر ''ترجمان القرآن'' نے اپنی اشاعت بابت اپریل ۲۰۰۷ء میں اس کا ترجمہ شائع کیا ہے۔ مغربی نومسلم خواتین کی ان تحریروں میں اصل سبق اور عبرت کی چیز ان کا ایمان، مغربی غلاظت سے ان کی توبہ، اور ''آزادیٔ نسواں'' کی اس حقیقت کا اعلان ہے کہ یہ صرف عورت کو استعمالی سامان Commodity بنائے رکھنے کا دل فریب عنوان ہے نہ کہ یہ کہ اسلام کیا ہے، اور پردے کے احکام اور اسلام میں آزادیٔ نسواں کے حدود کیا ہیں؟ یہ بھی ہم ان سے سیکھنے لگیں۔ اس کی صراحت کی ضرورت اس لیے محسوس ہو رہی ہے کہ اس مضمون میں بعض ایسی باتیں آ گئی تھیں جن کا براہ راست شرعی اور قرآنی احکام کی تشریح سے تعلق تھا، اور اس قابل احترام خاتون نے ان کے فہم میں ٹھوکر کھائی تھی۔ تعجب اس پر ہوا کہ معاصر ''ترجمان القرآن'' نے اس سب کو من و عن شائع کر دیا۔ نومسلموں کے احترام و محبت اور خصوصاً مغرب پر ان کی تنقید کی دعوتی اہمیت کے اعتراف کے باوجود اس کا خیال رکھنا چاہیے کہ ان کا علم اور شرعی معاملات کے فہم میں کچا پن ہو سکتا ہے اور ہوتا ہے۔ ہم نے اس مضمون کے بعض حصوں کو حذف کیا اور کچھ پر استدراکی نوٹ لکھا ہے۔ (ادارہ)

افغانستان میں گرفتار ہونے سے قبل، میں نقاب اوڑھنے والی عورتوں کو نہایت ہی کمزور، مظلوم اور ستم رسیدہ مخلوق سمجھتی تھی۔ امریکا پر ''دہشت گردانہ حملے'' کے صرف ۱۵ روز بعد، ستمبر ۲۰۰۱ء میں افغانستان میں اس حلیے میں داخل ہوئی کہ سرتاپا نیلے رنگ کے برقعے میں ملبوس تھی اور افغانستان میں موجود ''حکومتی جبر و ظلم کے دور'' میں گزرتی زندگی کے متعلق، اخبار کے لیے ایک مضمون لکھنا چاہتی تھی۔ لیکن ہوا یہ کہ میرا بھید کھل گیا اور مجھے گرفتار کر کے نظر بند کر دیا گیا۔

میں جن لوگوں میں قید تھی۔ ۱۰ دن تک ان پر برہم ہوتی رہی اور انھیں برا بھلا کہتی رہی۔ وہ مجھے ''بری عورت'' کہتے تھے۔ انھوں نے مجھے اس شرط اور وعدے پر رہا کر دیا کہ میں قرآن پڑھوں گی اور دین اسلام کا مطالعہ کروں گی (صحیح بات یہ ہے کہ مجھے یقین نہیں ہے کہ رہا کرتے وقت کون زیادہ خوش تھا؟ وہ یا میں)۔

لندن واپس اپنے گھر پہنچ کر دین اسلام کے مطالعے کے متعلق، میں نے ان سے کیا ہوا اپنا وعدہ نبھایا اور جو کچھ مجھے معلوم ہوا، اس نے مجھے حیرت زدہ کر دیا۔ میں قرآن میں ان موضوعات پر ابواب کی توقع کر رہی تھی کہ اپنی بیوی کی کس طرح پٹائی کی جاتی ہے اور کیسے اپنی بیٹیوں کو ظلم و ستم کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ اس کے بجائے قرآن کی آیات کے مطالعے کے ذریعے مجھے معلوم ہوا کہ دین اسلام نے عورت کے حقوق اور احترام پر زور دیا ہے۔ اپنی گرفتاری کے اڑھائی برس بعد، میں



© rasailojaraid.com

